khabraindigital | khabraindigital | khabraindigital | daily.khabrain@gmail.com | khabraindigital

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت۔ ملتان، بہاولپور، کراچی، حیدرآباد، سکھر، لاہور، اسلام آباد، پشاور اور مظفرآباد (آزاد کشمیر) سے شائع ہونے والا قومی اخبار

بانی و قائد: ضیا شاہد مرحوم

Daily KHABRAIN

روزنامہ خبریں ملتان

چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

جلد 32 | بدھ 16 رمضان المبارک 1445ھ 27 مارچ 2024ء 15 چیت 2080ب صفحات 8 قیمت 40 روپے | شمارہ 297

شجاع آباد: ڈاکٹر زاہد ملک شکایات سنتے ہوئے

سینئر انویسٹی گیشن آفیسر ڈاکٹر زاہد ملک کا شجاع آباد کا دورہ

ٹاؤن کمیٹی کے دفتر میں کھلی کچہری، وفاقی اداروں کے خلاف شکایات کی شنوائی کی

8 لاکھ سے زیادہ رقوم مختلف بلز کی مد میں درخواست دہندہ افراد کو واپس کرنے کا حکم

ملتان، شجاع آباد (عوامی رپورٹر، سٹی رپورٹر، خبر نگار) سینئر انویسٹی گیشن آفیسر ڈاکٹر زاہد ملک نے شجاع آباد کا دورہ کیا اور ٹاؤن میونسپل کارپوریشن کے دفتر میں وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف کھلی کچہری کا اہتمام کیا اور عوام الناس کی شکایات

(باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 20)

معیشت کی بہتری کیلئے زبانی دعوی نہیں

Dailysang@gmail.com

Member JPNS

ملتان، مظفرگڑھ اور لیہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیر اشاعت اخبار

ایڈیٹرانچیف
محبوب حسین جھنگانی

روزنامہ سنگِ سفر ملتان

The Daily Sang-e-safer

ایڈیٹر
نسیم شہزاد

گروپ ایڈیٹر
ملک محسن اعوان

جلد 26

بدھ 16 رمضان المبارک 1445ھ 27 مارچ 2024ء (صفحات 4 قیمت 20 روپے) شمارہ نمبر 302

ڈپٹی ایڈوائزر وفاقی محتسب بہاولپور شکیل احمد نے 150 درخواستوں کی سماعت نمٹادی

میپکو کے صارفین کو ڈیٹکشن بل کی مد میں تقریبا دس لاکھ روپے کا ریلیف فراہم کیا

بہاولپور (رپورٹ: رائےخالد محمود کھرل) ڈپٹی ایڈوائزر وفاقی محتسب آفس بہاولپور شکیل احمد نے اپنے آفس میں مختلف وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف دائر کی گئی 150 شکایات کی سماعت کی اور سائلین کے مسائل کو فوری حل کروانے اور مناسب ریلیف فراہم کرنے کیلئے متعلقہ وفاقی محکموں کے نمائندگان کو ہدایات جاری کیں ,اور 140 شکایات کو موقعہ پر ہی نمٹا دیا گیا . مجموعی طور پر میپکو کے صارفین کو ڈیٹکشن بل کی مد میں تقریبا 10,00,000 دس لاکھ روپے کا ریلیف فراہم کیا. میپکو ڈویژن رحیم یار خان اور احمد پور کو دو خراب ٹرانسفارمر کی اپگریڈیشن اور 10 خراب میٹرز کی تبدیلی کے احکامات صادر کیے. مزید براں ڈپٹی ایڈوائزر شکیل احمد نے میڈیا نمایندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے احکامات کی روشنی میں عوام کے مسائل کو حل کروانے اور جلد از جلد انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے انتھک محنت اور کوشش جاری رکھیں گے اور اس نظریہ اور پروگرام کے مطابق فوری ریلیف فراہم کرتے رہنا ہمارا اولین فرض ہے -اور ہر شکایت کا فیصلہ 60 دن کے مختصر سے عرصے میں بغیر فیس اور وکیل کے کر دیا جاتا ہے . شکایت کنندگان نے اس بات کی تائید کی اور کہا کہ اس سنگین اور پریشان کن دور میں رشوت اور سفارش کے بغیر وفاقی محتسب کے تعاون سے انکو فوری , سستا اور مختصر سے عرصے میں بغیر فیس اور وکیل کے انصاف مل جاتا ہے . شکایت کنندگان نے اس بات کو مزید اجاگر کیا کہ انکی شکایات کا اندراج اور سماعت بذریعہ وٹس ایپ ہو جاتا ہے ,اس سہولت سے وقت اور پٹرول دونوں کی بچت کے ساتھ ساتھ شدید گرمی میں دور دراز کا سفر بھی نہیں کرنا پڑتا . ایک بزرگ شکایت کنندہ بہاولپور کی تحصیل احمد پور کا رہائیشی سینئر وکیل عمر رشید نے کہا کہ وہ ریجنل آفس بہاولپور کے تمام شاف ممبرز کے رویئے اور اخلاق سے بہت متاثر ہے . اللہ تعالی اس ادارے کو دن دگنی اور رات چگنی ترقی دے.